میٹکوفوڈزلمیٹڈ

سالانہ عام اجلاس کا نوٹس

MATCO FOODS LIMITED

اراکین کومطلع کیا جاتا ہے کہ میٹکوفوڈز لمیٹڈ کا سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات 24 اکتوبر، 2024 صبح 11:30 بجے انسٹی ٹیوٹ کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، سیمینار روم، آئی سی ایم اے پاکستان بلڈنگ، ST-18/C آئی سی ایم اے پی ایونیو، بلاک 6، گلشن اقبال، کراچی 75300 میں اور بذریعہ ویڈیو کانفرنس مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

اے۔ عمومی امور:

1. 28 اکتوبر، 2023 کو منعقدہ گزشتہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔
2. 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس اور 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مربوط مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز رپورٹ کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 کے تحت اور ایس آر او 2023/(I)389 بتاریخ 21 مارچ، 2023 کے مطابق کمپنی مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر ڈال دیئے گئے جنہیں مندرجہ ذیل ویب لنک اور کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

https://matcofoods.com/investor-relations#financialResult

3. 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والی مالی سال کیلئے آڈیٹرز کی تعیناتی اور باہمی متفقہ شرح پر ان کے مشاہرے کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر میسرز گرانٹ تھورٹن انجم رحمان چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو تعینات کرنے کی تجویز دی ہے۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز نے اہل ہونے کی وجہ سے دوبارہ تقرر کیلئے خود کو پیش کیا ہے۔
4. کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت بورڈ کی طرف سے مقرر کردہ نو (9) ڈائریکٹرز کا سالانہ اجلاس عام کی تاریخ یعنی 24 اکتوبر، 2024 سے شروع ہونے والی تین سال کی مدت کیلئے انتخاب۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام مندرجہ ذیل ہیں درج ہیں۔
جاوید علی غوری، خالد سرفراز غوری، فیضان علی غوری، صفواں خالد غوری، سید کامران رشید، عبدالصمد خان، محترمہ فریال مرتضیٰ، محترمہ امہ حبیبہ اور محمد محسن

بی۔ دیگر امور

5. صاحب صدر کی اجازت سے کمپنی کے کسی دیگر امور پر کارروائی۔

بحکم بورڈ
محمد نعمان انصاری
کمپنی سیکرٹری

کراچی
3 اکتوبر، 2024

نوٹس:

1. **حصص کی منتقلی کی کتب کی بندش**
کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں 18 اکتوبر 2024 سے 24 اکتوبر 2024 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی اور کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائے گی۔ کمپنی کے رجسٹرار دفتر واقع سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، بلاک بی، S.M.C.H.S، مرکزی شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400 کو 17 اکتوبر 2024 تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔
2. **سالانہ اجلاس عام میں ذاتی موجودگی یا ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت**
ایسے اراکین جن کے نام 17 اکتوبر 2024 تک اراکین کے رجسٹر میں درج ہوں گے وہ اے جی ایم میں شرکت اور رائے دہی کرنے کے اہل ہیں۔ اس طرح کے اراکین اپنی طرف سے اجلاس میں شرکت، بولنے اور رائے دہی کیلئے اپنی جگہ پر کسی کو مقرر کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اراکین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی طرف سے فراہم کی جانے والے لنک کے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے اے جی ایم کی کارروائی میں شریک ہوں۔

i) ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اجلاس عام میں شرکت کے متمنی اراکین سے درخواست ہے کہ وہ اجلاس عام کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل corporate@matcofoods.com پر مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کر کے کمپنی کے ساتھ خود کو رجسٹر کرائیں۔

فولیو نمبر / پارٹیسپنٹ آئی ڈی	کمپنی	شیئر ہولڈر کا نام	کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / انکم ٹیکس نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس
	میٹکوفوڈز لمیٹڈ				

ii) اراکین کو مندرجہ ذیل بالا تفصیلات کے مطابق ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر کیا جائے گا اور کمپنی کی طرف سے ای میل کے ذریعے ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جس سے وہ دی گئی تاریخ اور وقت پر اجلاس میں شرکت کر سکیں گے۔
iii) ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سالانہ اجلاس عام صرف وہی اراکین قبول کئے جائیں گے جن کے نام رجسٹریشن کیلئے کمپنی کے ساتھ شیئر کی گئی تفصیلات سے مماثلت رکھتے ہیں (جیسا کہ اوپر پوائنٹ 'i' میں بتایا گیا ہے)
iv) لاگ ان کی سہولت اجلاس کے وقت سے تیس (30) منٹ پہلے سے اے جی ایم کے اختتام تک کیلئے کھول دی جائے گی۔
v) حصص یافتگان اے جی ایم کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنے تبصرے اور تجاویز اے جی ایم سے کم از کم دو (2) کاروباری ایام سے پہلے دیئے گئے ای میل ایڈریس corporate@matcofoods.com پر بھیج سکتے ہیں۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اس مقصد کیلئے اپنا مکمل نام، شناختی کارڈ نمبر اور فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ درج کریں۔
b) حصص یافتگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ پراکسیز کے ذریعے اپنی حاضری اور شرکت کو مستحکم کرنے کیلئے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کریں۔
i) اجلاس میں شرکت کا اہل رکن کسی دوسرے رکن کو ذاتی طور پر یا ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ سالانہ اجلاس عام کیلئے قابل عمل پراکسی فارم نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور اراکین کو ارسال کیا گیا ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://matcofoods.com سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔
ii) پراکسی کا تقرر کرنے والا فارم اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہیں یا مختار نامہ کی نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ کاپی سالانہ اجلاس عام کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے پاس جمع کرائی جانی چاہئے۔
iii) پراکسیز کی تقرری کیلئے حصص یافتگان کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

1. انفرادی صورت میں کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار یا وہ شخص جس کی گروپ کھاتہ میں سیکورٹیز جمع ہوں اور اس کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی شرائط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، کو اسی کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔
2. پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہو جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ کے نمبرز پراکسی فارم پر درج ہوں۔
3. بینی فیشل اونرز اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نوٹری سے تصدیق نقول پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنے ہوں گے۔
4. کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ بمعہ نمونہ دستخط (اگر پہلے پیش نہیں کی گئیں) اور پراکسی فارم کمپنی کو جمع کرائے جائیں گے۔
5. رکن کی طرف سے ایک سے زائد پراکسی کی تقرری اور ایک سے زائد پراکسی فارم جمع کرانے کی صورت میں تمام پراکسی فارم غیر موثر ہو جائیں گے۔
6. پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

3. **لازمی معلومات جمع کرانا (کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، انکم ٹیکس نمبر، انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر، ای میل اور زکوٰۃ کا اقرار نامہ)**
سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات کے مطابق اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنے اور قانون کی عدم تعمیل سے بچنے کیلئے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کی ایک کاپی کے ساتھ فوری طور پر اپنی لازمی معلومات جیسے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، خط و کتابت کا تازہ ترین پتہ، رابطہ موبائل / ٹیلی فون نمبر اور انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN)۔ بصورت دیگر ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق تمام منافع منقسمہ روک دیا جائے گا۔
اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے میلنگ ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں مطلع کریں اور زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق زکوٰۃ سے استثنیٰ کیلئے ایک اعلامیہ (CZ-50) جمع کرائیں۔
فیزیکل حصص رکھنے والے اراکین مذکورہ بالا تفصیلات میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو جمع کرائیں اور سی ڈی ایس میں حصص کیلئے سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا متعلقہ بروکر کو تفصیلات جمع کرائیں۔

4. **فیزیکل حصص کی بک انٹری فارم میں منتقلی**
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنی کیلئے ضروری ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز سے چار سال کے اندر فیزیکل سرٹیفکیٹس کو بک انٹری فارم میں منتقل کریں۔
سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ، 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے اراکین کو آگاہ کریں جن کے پاس ابھی بھی فیزیکل شکل میں حصص موجود ہیں تاکہ وہ اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کر سکیں۔
فیزیکل فولیو / شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے کمپنی کے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے حصص کو فیزیکل فارم سے جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ اراکین اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس فراہم کنندہ سے سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور اس کے فیزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے میں مدد کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ اراکین کو کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا جس میں حصص کی محفوظ اور آسان تحویل، آسانی سے قابل تجارت اور منتقلی، نقصان، ضیاع یا چوری کا کوئی خطرہ نہیں اور بونس یا رائیٹ حصص کا بغیر کسی رکاوٹ کے کریڈٹ شامل ہیں۔ مزید معلومات اور مدد کیلئے اراکین ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

5. **غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ / حصص**
کمپنی کے غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ / حصص کی تازہ ترین فہرست کمپنی کی ویب سائٹ www.matcofoods.com پر دستیاب ہے۔ یہ غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ / حصص ہیں جو واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال تک غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ رہے ہیں۔
ایسے حصص یافتگان جو کسی بھی وجہ سے اپنے منافع منقسمہ اور / یا بونس شیئرز کا دعویٰ نہ کر سکے، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ اور / یا بونس شیئرز، اگر کوئی ہے، ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

6. **الیکٹرانک طور پر نقد منافع کی ادائیگی**
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 کی شق نمبر 4 کے مطابق یہ لازمی ہے کہ نقد میں ادا ہونے والے منافع کو صرف الیکٹرانک طریقہ کار سے براہ راست متعلقہ رکن کے متعین کردہ بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جائے گا۔ مذکورہ بالا شقوں کی تعمیل کے لیے تمام حصص یافتگان سے ایک بار پھر درخواست ہے کہ وہ اپنے متعلقہ بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات (اگر پہلے فراہم نہیں کی گئیں تو) کمپنی کی ویب سائٹ www.matcofoods.com پر موجود فارم میں درج کر کے، الیکٹرانک شکل میں رکھے گئے حصص کے لیے، بروکرز / سی ڈی سی کو یا فزیکل شکل میں رکھے گئے حصص کے لیے، کمپنی سیکرٹری کو فراہم کریں۔ معلومات کی عدم فراہمی کی صورت میں کمپنی اراکین کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

7. **ڈیویڈنڈ کی ادائیگیوں پر انکم ٹیکس**
انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق کمپنیز کی جانب سے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔ ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی 'فعال' اور 'غیر فعال' ٹیکس دہندہ کی بنیاد پر 15 فیصد اور 30 فیصد کے حساب سے ہوگی۔ فعال سے مراد وہ شخص جس کا نام ایف بی آر کی ویب سائٹ (http://www.fbr.gov.pk) پر دستیاب فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہے جبکہ غیر فعال سے مراد وہ شخص فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں موجود نہیں ہے۔
مزید فیڈرل بورڈ ریونیو (ایف بی آر) سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت الگ سے پرنسپل ممبر کے ساتھ جائنٹ ہولڈرز کی ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر فعال / غیر فعال حیثیت پر کیا جائے گا۔
وہ تمام اراکین جو مشترکہ اراکین کے ساتھ حصص رکھتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ شیئرنگ ہولڈنگ کا تناسب 17 اکتوبر، 2024 کو کاروبار کے اختتام سے پہلے ہمارے شیئرز رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس اپنی تحویل میں رکھے حصص کے سلسلے میں پرنسپل رکن اور جائنٹ اراکین درج ذیل فارمیٹ کے مطابق فراہم کریں:

پرنسپل رکن / جائنٹ ہولڈر کا نام	شیئر ہولڈنگ کا تناسب	کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	شیئرز کی تعداد	دستخط

8. **ویب سائٹ پر مالی گوشواروں اور رپورٹس کی دستیابی**
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) اور (7) کی دفعات کے مطابق 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔
مندرجہ بالا کے باوجود کمپنی کسی بھی رکن کو ان کی درخواست پر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی ہارڈ کاپیاں ان کے رجسٹرڈ پتے پر بغیر کسی معاوضے کے درخواست موصول ہونے کے ایک (1) ہفتے کے اندر فراہم کرے گی۔

9. **ڈائریکٹرز کا انتخاب**
کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹر کے عہدے کا انتخاب لڑنا چاہتا ہے چاہے وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا دیگر کو 24 اکتوبر، 2024 سے چودہ (14) دن قبل کمپنی کے کارپوریٹ دفتر واقع B-1/A، سائٹ فیز 1، سپر ہائی وے انڈسٹریل ایریا، کراچی، پاکستان 75340 پر کمپنی سیکرٹری کے پاس مندرجہ ذیل معلومات جمع کرنا ہوں گی۔

a) امیدوار کا فولیو نمبر / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر / ذیلی اکاؤنٹ نمبر۔ ڈائریکٹر کے انتخاب کیلئے آمادگی جمع کراتے وقت امیدوار کا کمپنی کا رکن ہونا لازمی ہے۔
b) کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ریگولیشن 7A کے تقاضوں کی تعمیل میں کسی بھی کیٹگری میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے انتخاب لڑنے کیلئے امیدوار کا ڈاک ارادے کا نوٹس۔
i) خاتون ڈائریکٹر ii) آزاد ڈائریکٹر iii) دیگر ڈائریکٹر
c) کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 167 کے تحت ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی۔
d) امیدوار کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / پاسپورٹ اور قومی ٹیکس نمبر کی مصدقہ نقل۔
e) دیگر عہدوں اور ڈائریکٹر شپ کی تفصیلات۔
f) آزاد امیدوار کی صورت میں کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 166 کے تقاضوں کی تعمیل۔ آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب لڑنے والا رکن اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ جمع کرائے گا کہ امیدوار کمپنیز ایکٹ اور مروجہ قواعد اور ضابطوں کے تحت اہلیتی اور آزادی کے معیار پر پورا اترتا ہے۔
g) **اسٹامپ پیپر پر اعلامیہ کہ**
i) کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 153 کمپنیز ایکٹ کی دیگر دفعات، دیگر قابل اطلاق قوانین، قواعد اور ریگولیشنز اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے تحت کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کیلئے نااہل نہیں ہے۔
ii) وہ اس کمپنی سمیت سات سے زائد کمپنیوں کے متبادل ڈائریکٹر کے شمول ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا ہے۔
iii) وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکل ایسوسی ایشن اور پی ایس ایکس کے لسٹنگ لسٹڈ ریگولیشنز، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہی رکھتا ہو / رکھتی ہو۔
h) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف جاری کردہ SRO1196(1)/2019 مورخہ 3 اکتوبر، 2019 کے تحت کمپنی کی ویب سائٹ پر چسپاں کرنے کیلئے امیدوار کی تفصیلی پروفائل معہ اس کا پتہ۔

10. **پوسٹل بیلٹ / ای ووٹنگ**
اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 جس میں ایس ای سی پی کی طرف سے SRO 2192(1)/2022 مورخہ 5 دسمبر، 2022 کے ذریعے ترمیم کی گئی، کی تعمیل میں خصوصی امور اور ڈائریکٹرز کے انتخاب، اگر انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد ایکٹ کے سیکشن 159 کے ذیلی سیکشن (1) میں طے کردہ تعداد سے زیادہ ہو، کی صورت میں اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ اسی کے تحت میٹکوفوڈز لمیٹڈ کے اراکین کو 24 اکتوبر 2024 بروز جمعرات دن 11:30 بجے منعقد ہونے والے سالانہ اجلاسِ عام میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ای ووٹنگ یا بذریعہ ڈاک اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ مذکورہ ریگولیشنز اور ضروریات کے تحت مزید تفصیلات مناسب وقت پر جاری کی جائیں گی۔

آزاد ڈائریکٹر سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166 کے تحت بیان۔

آزاد ڈائریکٹر کا انتخاب کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 159 میں بیان کردہ طریقہ کار کے ذریعے ہوگا۔ آزاد ڈائریکٹر کی حیثیت سے انتخاب لڑنے والا امیدوار کو کمپنیز ایکٹ کے سیکشن (2) 166، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ریگولیشن 6(3) کے تحت وضع کردہ تقاضوں اور معیار پر پورا اترنا چاہیے۔
اس کے علاوہ کمپنیز ایکٹ کے سیکشن 166(3) کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے بلائے گئے اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ مادی حقائق کا بیان بھی منسلک کرنا ضروری ہے تاکہ آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کا جواز فراہم کیا جاسکے۔ اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ منتخب کردہ تمام آزاد ڈائریکٹرز سیکشن 166 میں بیان کردہ آزادانہ حیثیت کے معیار اور کمپنیز (میٹر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کی شرائط پر پورا اتریں۔ اس کے علاوہ منتخب کردہ امیدواروں کے نام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے ڈیٹا بینک میں شامل ہوں جو ایس ای سی پی کے ذریعہ منظور شدہ ہو۔
آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب ان کی صلاحیت، مہارت، علم اور تجربے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز اپنی حصص یا فگلی کے سوائے مذکورہ بالا امور میں کوئی بلواسطہ یا بلاواسطہ دلچسپی نہیں رکھتے اور ڈائریکٹرشپ کیلئے انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔

جناب کمپنی سیکرٹری
میٹکوفوڈز لمیٹڈ
S.I.T.E، B-1/A، فیز 1 سپر ہائی وے انڈسٹریل ایریا کراچی

پراکسی فارم

MATCO FOODS LIMITED

میں / ہم _____ ساکن _____ میٹکو فوڈز لمیٹڈ کے رکن کی حیثیت سے شیئر رجسٹرار فولیو نمبر _____ اور / یا سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر _____ اور / یا اکاؤنٹ / ذیلی اکاؤنٹ نمبر _____ کے مطابق _____ حصص کے حامل ہیں، جناب / محترمہ _____ ساکن _____ ان کے ناکام ہونے کی صورت میں جناب / محترمہ _____ کو بروز جمعرات 24 اکتوبر، 2024 صبح 11:30 بجے انسٹی ٹیوٹ کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، سیمینار روم، آئی سی ایم اے پاکستان بلڈنگ، ST-18/C آئی سی ایم اے پی ایونیو، بلاک 6، گلشن اقبال، کراچی 75300 میں اور بذریعہ ویڈیو کانفرنس منعقد ہونے والے کمپنی کے حصص یافتگان کے سالانہ اجلاس عام اور کسی زیر التواء اجلاس میں ہماری میری / ہماری طرف سے شرکت کرنے اور رائے دہی دینے کیلئے پراکسی مقرر کرتا ہوں / کرتے ہیں / کرتی ہوں۔

اس دستاویز پر مورخہ _____ 2024 کو دستخط ہوئے۔

-/5 روپے کا ریونیو اسٹیمپ چسپاں کریں

گواہ نمبر 1
دستخط _____
نام _____
شناختی کارڈ نمبر: _____
پتہ: _____

گواہ نمبر 2
دستخط _____
نام _____
شناختی کارڈ نمبر: _____
پتہ: _____

نوٹس

☆ ہر لحاظ سے مکمل اور دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس سے 48 گھنٹے قبل تک، کمپنی کے کارپوریٹ دفتر واقع B-1/A، سائٹ فیز 1، سپر ہائی وے انڈسٹریل ایریا، کراچی، پاکستان۔ کو موصول ہو جانا چاہیے۔
☆ کمپنی کا رکن نہ ہونے کی صورت میں پراکسی قابل قبول نہیں ہوگا (سوائے کارپوریشن ایک ایسے شخص کو پراکسی مقرر کر سکتا ہے جو رکن نہ ہو)۔
☆ اگر ایک رکن ایک سے زائد پراکسی مقرر کرتا ہے اور کمپنی کے پاس ایک سے زائد پراکسی فارم جمع کراتا ہے تو اس طرح کے تمام پراکسی فارم غیر موثر ہوں گے۔
☆ پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنے اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
☆ بینی فیشل اونرز اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول فارم کے ساتھ منسلک ہوں۔
☆ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ معہ پراکسی کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے) پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کے پاس جمع کرایا جانا چاہیے۔